پاکستان کا ایران سے تجارت میں احتیاط برتنے کا فیصلہ

کراچی (لیبر نیوز کامرس اینڈ ٹریڈ ڈیسک) پاکستان نے ایران کے ساتھ دوطرفہ تجارت میں احتیاطی رویہ اختیار کیا ہے کیونکہ امریکہ ممکنہ 25 فیصد درآمدی ٹیرف عائد کر سکتا ہے، جس کے اثرات برآمدات پر پڑ سکتے ہیں۔ وزارتِ تجارت نے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ 10 فروری 2026 کو بین الوزارتی اجلاس بھی منعقد کیا

ذرائع کے مطابق ایران کے ساتھ لین دین محدود سطح پر ہے اور امریکی پابندیوں کی وجہ سے زیادہ تر بارٹر کے ذریعے ہوتا ہے۔ تاہم امریکی مارکیٹ پاکستان کی سب سے بڑی برآمدی منزل ہے، جس میں ٹیکسٹائل اور آئی ٹی خدمات نمایاں ہیں۔

ایف بی آر کے مطابق امریکی منڈی میں پاکستانی برآمدات کا تقریباً 18 فیصد حصہ ہے، جو ممکنہ ٹیرف سے متاثر ہو سکتا ہے۔ اسٹیک ہولڈرز نے علاقائی تجارتی توازن اور برآمدی مفادات کے تحفظ کے لیے متوازن پالیسی کی ضرورت پر زور دیا ہے۔